# URDU

*Maximum Marks : 80*

*Time Allowed : Three Hours*

*(Candidates are allowed **additional 15 minutes** for **only** reading the paper.*

*They must **NOT** start writing during this time.)*

*The intended marks for questions or parts of questions are given in brackets [ ].*

---

*Answer **Questions 1, 2 and 3 in Section A** and **four** questions from **Section B** on **any three** out of the four prescribed textbooks.*

---

## SECTION—A
## LANGUAGE - 40 MARKS

**Question 1**

[15] Write a composition in approximately 400 words in **Urdu** on any **ONE** of the topics given below :—

نیچے دیے گئے موضوعات میں سے کسی ایک پر (تقریباً 400 الفاظ پر مشتمل) اردو میں مضمون لکھیے۔

(i) بارہویں کا امتحان پاس کرنے کے بعد مستقبل کے حوالے سے آپ کا منصوبہ کیا ہے؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔

(ii) سوشل میڈیا کے فائدے اور نقصانات

(iii) تعلیم نہ صرف ہمارے مستقبل کو سنوارنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے بلکہ یہ ہمیں ایک بہتر انسان بنانے میں بھی مدد کرتی ہے——اپنی رائے پیش کیجیے۔

(iv) ''ہمارے ملک بھارت کی تاریخ بہت پرانی ہے۔ یہاں الگ الگ مذہب کے ماننے والے لوگ صدیوں سے مل جل کر رہتے آرہے ہیں۔ یہی اتحاد ہماری طاقت ہے اور اسی میں ہمارے ملک کی بھلائی ہے۔'' موضوع کے موافق یا مخالف اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(v) ''جان ہے تو جہان ہے'' اس مقولے کے متعلق اپنے خیالات بیان کیجیے۔



Downloaded From www.icseboard.org

(vi) دیئے گئے موضوعات میں سے کسی ایک پر نصیحت آمیز کہانی تحریر کیجیے۔

(a) عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی

(b) ''......کاش میں نے اپنے دماغ کے بجائے اپنے دل کی سنی ہوتی'' ان الفاظ پر ختم ہونے والی ایک کہانی لکھئے۔

**Question 2**

Read the passage given below carefully and answer the questions that follow, using your own words in **Urdu** :—

مندرجہ ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر نیچے لکھے سوالوں کے جواب اردو میں لکھئے۔

اصغر گونڈوی کا اصل وطن گورکھپور تھا۔ ان کے والد مولوی تفضل حسین جو قانون گو تھے، ملازمت کے سلسلے میں ایک طویل مدت تک گونڈہ میں رہے۔ اس لئے آپ اصغر گونڈوی کے نام سے مشہور ہو گئے۔ اصل نام اصغر حسین تھا۔ ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی۔ اس کے بعد گورنمنٹ ہائی اسکول گونڈہ میں داخل ہو گئے، مگر گھریلو پریشانیوں کی وجہ سے اسکول چھوڑ دیا اور اس طرح ان کی تعلیم مکمل نہ ہو سکی۔ ذاتی مطالعہ اور غور و فکر کے ذریعہ انھوں نے اچھی قابلیت پیدا کر لی۔

اصغر نے اپنے ابتدائی کلام پر اصلاح منشی خلیل احمد بلگرامی سے لی۔ بعد میں کچھ غزلیں منشی امیر اللہ تسلیم کو بھی دکھائیں۔ وہ ایک متقی اور پرہیزگار انسان تھے، مگر وہ زاہد خشک نہیں تھے۔ ان کے مزاج میں رنگینی اور ظرافت تھی۔ طبیعت تصوف کی طرف مائل تھی۔ اس لئے قاضی شاہ عبدالغنی سے بیعت کی۔ الٰہ آباد میں ہندوستانی اکیڈمی کی ملازمت کے سلسلے میں ایک مدت تک قیام رہا اور اکیڈمی کے سہ ماہی رسالے ''ہندوستانی'' کے ایڈیٹر رہے۔ ۱۹۳۶ء میں الٰہ آباد میں انتقال فرما گئے۔

اصغر بہت کم گو شاعر تھے۔ ان کے کلام کے صرف دو چھوٹے چھوٹے مجموعے ''سرودِ زندگی'' اور ''نشاطِ روح'' شائع ہوئے، لیکن اپنی کم گوئی کے باوجود انھوں نے اربابِ علم و ادب کو اپنی جانب متوجہ کر لیا۔ ان کے منفرد رنگ کی ابتدا ''نشاطِ روح'' سے ہوتی ہے۔ وہ فرسودہ مضامین سے گریز کرتے ہیں۔ زبان و بیان اور خیالات دونوں کے اعتبار سے ان کا کلام عامیانہ پن سے پاک ہے۔ ان کے لب و لہجے میں ایک متانت آمیز رنگینی، زبان و بیان میں ایک عالمانہ وقار اور خیالات و احساسات میں پاکیزگی و لطافت پائی جاتی ہے۔ وہ تصوف اور معرفت کے مضامین کو کیف و سرور کے ساتھ نظم کرتے ہیں۔ ان کی غزل میں نشاط اور سرمستی کی جو فضا پائی جاتی ہے، وہ دل پر گہرا اثر کرتی ہے۔''

(i) اصغر گونڈوی کا اصل وطن کہاں تھا اور وہ اس نام سے کیوں مشہور ہوئے؟ [3]

(ii) اصغر گونڈوی نے اپنے کلام پر کن لوگوں سے اصلاح لی اور کب انتقال فرما گئے؟ [3]

(iii) زبان و بیان اور خیالات دونوں اعتبار سے ان کے کلام کی کیا خصوصیات ہیں؟ [3]



Downloaded From www.icseboard.org

(iv) ''اکیڈمی کے سہ ماہی رسالے ''ہندوستانی'' کے ایڈیٹر رہے''۔

(a) ''ہندوستانی'' رسالہ کتنے دنوں بعد نکلتا تھا؟ [1]

(1) ہر تیسرے مہینے

(2) ہر دوسرے مہینے

(3) ہر چھٹے مہینے

(4) ہر نویں مہینے

(b) ''اصغر بہت کم گو شاعر تھے۔'' خط کشیدہ لفظ کے لئے مترادف لفظ کا استعمال کیجئے۔ [1]

(1) اعلیٰ ظرف

(2) سنجیدہ

(3) کم سخن

(4) مزاحیہ

(c) ان کے مجموعوں کے کیا نام تھے؟ [1]

(1) نشاطِ زندگی اور سرودِ روح

(2) روحِ ادب اور سرودِ زندگی

(3) موت و زندگی اور نشاطِ روح

(4) سرودِ زندگی اور نشاطِ روح

(d) ''ذاتی مطالعے اور غور و فکر کے ذریعہ انھوں نے اچھی خاصی قابلیت پیدا کر لی''۔ [1]

خط کشیدہ الفاظ کا مفہوم واضح کیجئے۔

(1) وہ ماہر ہو گئے

(2) وہ قابل ہو گئے

(3) وہ عالم ہو گئے

(4) وہ جاہل ہو گئے

Downloaded From www.icseboard.org

(e) لفظ ''عامیانہ پن'' کا معنی بتایئے۔ [1]

(1) صوفیانہ پن

(2) دیوانہ پن

(3) گھٹیا پن

(4) والہانہ پن

(f) تصوف اور معرفت کے مضامین کو کیف و سرور کے ساتھ نظم کرتے تھے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معنی کیا ہیں؟ [1]

(1) پڑھتے تھے

(2) سنتے تھے

(3) گاتے تھے

(4) لکھتے تھے

**Question 3**

(A) Correct the following sentences and rewrite as per the instructions given :

دی گئی ہدایات کے مطابق جواب دیجیے۔

(i) جملے کو درست کر کے لکھو۔ ''تم میری ہر بات کی خلافت کرتے ہو''۔ [1]

(ii) خالی جگہ میں درست لفظ کو چن کر لکھیے۔ [1]

اس نے میرے خلاف سازش کی لیکن..........الٹا پڑ گیا۔

(a) تیر

(b) بانس

(c) پانسا

(d) ڈنڈا

Downloaded From www.icseboard.org

(iii) درست جملے کو پہچان کر لکھیے۔ [1]

(a) میں کتاب پڑھ لیا ہوں۔

(b) میں نے کتاب پڑھا ہے۔

(c) میں نے کتاب پڑھ لیا ہے۔

(d) میں نے کتاب پڑھ لی ہے۔

(iv) نیچے لکھے جملوں میں سے غلط جملے کی نشاندہی کیجیے۔ [1]

(a) ہم منافق نہیں ہر بات ڈنکے پر چوٹ مار کر کہتے ہیں۔

(b) اب تو پیٹ میں چوہے کود رہے ہیں۔

(c) میچ میں گول کرنے پر ساتھیوں نے کپتان کی پیٹھ ٹھونکی۔

(d) مقدمہ جیت کر وہ پھولے نہ سمایا۔

(v) جملے میں خط کشیدہ لفظ کی جگہ درست لفظ چن کر لکھیے۔ [1]

''عصمت چغتائی کے افسانوں اور ناولوں کی زبان شستہ اور موزوں ہے''۔

(a) مشکل

(b) موثر

(c) مناسب

(d) دلچسپ

(B) Use the idioms in the sentences as per the instructions given :—

دی گئی ہدایات کے مطابق محاوروں کا استعمال کیجیے۔

(i) نیچے لکھے محاورے کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ [1]

کانوں کان خبر نہ ہونا

(ii) محاورے کو درست کر کے لکھیے۔ [1]

بھینس کے آگے تالی بجانا



Downloaded From www.jkseboard.org

(iii) جملے میں خالی جگہ کو پُر کرنے کے لئے درست محاورے کا انتخاب کیجئے۔ [1]

وہ محنت سے..........ہے اس لئے سب سے پیچھے رہ گیا۔

(a) منھ چھپاتا

(b) جان کھپاتا

(c) جی چراتا

(d) جان لڑاتا

(iv) نیچے لکھے جملے کے لئے درست محاورہ بتایئے۔ [1]

مالک کی جان بچا کر آصف نے اپنی وفاداری ثابت کردی ۔

(a) حق نمک ادا کردیا

(b) چولی دامن کا ساتھ ہونا

(c) ناک کٹوانا

(d) ناک اونچی کرنا

(v) محاورے کے صحیح معنی کی نشاندہی کیجئے۔ [1]

ہتھیلی پر سرسوں جمانا

(a) بڑا کام انجام دینا

(b) غلط کام انجام دینا

(c) غلط کام کو انجام دینا

(d) مشکل کام کو جلد بازی میں انجام دینا



Downloaded From www.icseboard.org

## SECTION—B
## LITERATURE—40 MARKS

*Answer **four** questions from this section on **any three** out of the **four** prescribed textbooks.*

اس سیکشن سے چار سوالوں کے جواب دیں۔ اپنے نصاب کی کنہیں تین کتابوں میں سے ایک ایک جواب دینا ضروری ہے

### گنجینۂ ادب (حصہ نثر) (GANJEENA E ADAB)

**Question 4**

"لتری، چور اور چکمہ باز ہونے کے علاوہ نانی پرلے درجے کی جھوٹی بھی تھیں۔ سب سے بڑا جھوٹ تو ان کا برقع تھا، جو ہر دم ان کے اوپر سوار رہتا تھا۔"

(i) عصمت چغتائی کب اور کہاں پیدا ہوئی تھیں؟ [1]

(ii) نانی کو زندگی بھر کن ناموں سے پکارا گیا؟ [2]

(iii) نانی کا برقع کس کس کام آتا تھا؟ [2]

(iv) بندر نانی کو کیوں پریشان کرتے تھے اور نانی کی موت کس وجہ سے ہوئی؟ [5]

**Question 5**

افسانہ "انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا" کے مصنف کون ہیں؟ لوگ کس چیز کے تبادلے پر پچھتا رہے تھے اور ان کا کیا حال تھا؟ اپنے الفاظ میں رقم کیجیے۔ [10]

**Question 6**

سبق "دہلیز" میں مصنف نے کس موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا خیال پیش کیا ہے؟ کیا یہ ہر دور کی نئی پیڑھی کی کہانی ہے؟ اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے بیان کیجیے۔ [10]

Downloaded From www.icseboard.org

## (ROOH E ADAB) روحِ ادب (حصہ نظم)

**Question 7**

دل گیا رونق حیات گئی
غم گیا ساری کائنات گئی
ترکِ الفت بجا سہی ناصح
لیکن اس تک اگر یہ بات گئی

(i) مندرجہ بالا اشعار کس شاعر کی غزل کے ہیں؟ [1]

(ii) لفظ ''الفت اور'' ناصح'' کے معنی لکھیے۔ [2]

(iii) شاعر کا اصل نام اور ان کی جائے پیدائش تحریر کیجیے۔ [2]

(iv) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح مع سیاق و سباق لکھیے۔ [5]

**Question 8**

علی سردار جعفری کے حالاتِ زندگی اور ان کے کلام کی خصوصیات بیان کیجیے۔ [10]

**Question 9**

نظم ''صبحِ آزادی'' میں شاعر نے اپنے دلی جذبات کو کس طرح پیش کیا ہے؟ نظم کا خلاصہ لکھتے ہوئے بیان کیجیے۔ [10]

## (MOORTI) ناول۔مورتی

**Question 10**

''کون ہوگا یہ عظیم فنکار........عافیہ دیکھو........دیکھو........فن یہاں ختم ہو جاتا ہے........اس سے بہتر کون بنا سکتا ہے۔
کیسے بنا سکتا ہے کوئی ایسی مورتی........یوں معلوم ہوتا ہے جیسے ابھی اٹھ کر چل پڑے گی۔''

(i) عافیہ سے یہ بات کون کہتا ہے؟ [1]

(ii) یہ مورتی انھیں کہاں ملی تھی اور مورتی تک انھیں کون لے کر گیا تھا؟ [2]



Downloaded From www.icseboard.org

(iii) وہ مورتی کس کی تھی اور کس نے بنوائی تھی؟ [2]

(iv) مورتی کیسی بنی تھی؟ اس کو دیکھ کر ملیحہ کے کیا تاثرات تھے؟ بیان کیجیے۔ [5]

**Question 11**

ملیحہ کے بنائے مجسمے کس وجہ سے ٹوٹ گئے تھے اور کون سا مجسمہ کہاں کہاں سے ٹوٹا تھا؟ تفصیل سے بیان کیجیے اور یہ بھی بتائیے کہ ان مجسموں کو دیکھ کر ملیحہ کا کیا حال ہوا؟ [10]

**Question 12**

ناول ''مورتی'' کے تمام کرداروں میں آپ کا سب سے پسندیدہ کردار کون سا ہے؟ اس کردار کی خوبیاں بیان کرتے ہوئے یہ بھی تحریر کیجیے کہ اس کہانی میں اس کردار کی کیا اہمیت ہے؟ [10]

## ڈرامہ۔ کھیتی (KHETI)

**Question 13**

''جی میں اپنی قابلیت اور استعداد کو خوب جانتا ہوں۔ ورنہ یہاں کی تنہائی کیوں گوارا کرتا۔ مگر میرا رفتہ رفتہ یہ عقیدہ ہو گیا ہے کہ عقلمند ہو کر شہر میں رہنے سے بے وقوف ہو کر گاؤں میں رہنا بہتر ہے۔''

(i) ڈرامہ ''کھیتی'' میں یہ مکالمہ کس کردار کا ہے؟ [1]

(ii) شہر چھوڑ کر گاؤں میں وہ شخص کیوں بس گیا تھا؟ [2]

(iii) گاؤں میں رہ کر وہ شخص کیا کام کرتا تھا اور کس چیز سے دور رہتا تھا؟ [2]

(iv) عبدالغفور کس جگہ کو مسجد قرار دے کر لوگوں سے کون سا عمل کرنے کو کہتا ہے؟ اپنے الفاظ میں واقعہ بیان کیجیے۔ [5]

**Question 14**

حسام الدین، عبدالغفور کی حمایت کرنے سے کیوں کتراتا ہے؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔ [10]

**Question 15**

ڈرامہ ''کھیتی'' کے ذریعہ ڈرامہ نگار نے ہمیں کیا پیغام دینے کی کوشش کی ہے؟ اپنی زبان میں تحریر کیجیے۔ [10]



Downloaded From www.icseboard.org